Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۵ مطبوعہ روز سہ شنبہ تاریخ ۱۶ شوال المکرم ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۹ء جلد ۲۳

گزٹ غیر معمولی

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) روبکار بابت منظوری قانون تحفظ ہند ۱۹۳۹ء ریاست رامپور ۲

۲ روبکار بابت اجرا نوٹیفکیشن نسبت ایزادی عبارت حسب انڈین فارنرس آرڈر ۱۹۳۹ء //

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ تحفظ ہند آرڈیننس ریاست رامپور ۱۹۳۹ء میں ترمیم کی جائے لہٰذا حسب ذیل حکم نافذ کیا جاتا ہے۔

(۱) قانون تحفظ ہند مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۹ ستمبر ۱۹۳۹ء مطبوعہ گزٹ ہند ۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء کا نفاذ جہاں تک کہ حالات ریاست رامپور پر موثر ہے بجائے تحفظ ہند آرڈیننس نمبر (۱) ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کے جملہ حدود ریاست میں اس کی تاریخ اشاعت گزٹ ریاست رامپور سے منظور کیا جاتا ہے۔

(۲) قواعد تحت تحفظ ہند آرڈیننس نمبر (۱) ۱۹۳۹ء ریاست رامپور منظور شدہ گورنمنٹ رامپور مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۳۹ء مطبوعہ گزٹ ریاست رامپور مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء اسی طرح متصور ہوں گے گویا کہ یہ قواعد تحت قانون ہذا نافذ کئے گئے ہیں۔

۲۶ نومبر ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نوٹیفکیشن

نیمی فارینرس آرڈر ۱۹۳۹ء مجریہ گورنمنٹ رامپور مورخہ ۶ ستمبر ۱۹۳۹ء مطبوعہ گزٹ ریاست رامپور مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء میں حسب ذیل ایزادی کیجاتی ہے

قیود

سونا و دیگر املاک کے کوئی باشندہ ملک غنیم ریاست رامپور کی حسب ذیل باہر لے جانے پر اشیاء باہر نہ لے جائے گا۔

(۱) سونا (طلا)

(۲) دیگر املاک منقولہ و غیر منقولہ علاوہ:-

الف - ذاتی سامان و اشیاء اس تعداد میں کہ جو حاکم صاحب منتظم بہادر انچارج مجسٹریٹی یا ایسا دیگر افسر جسکو گورنمنٹ مقرر کرے مناسب سمجھے۔

ب - سرمایہ خواہ بصورت سکہ یا ہنڈی یا دوسرا صورت میں ہو اور جس کی قیمت پندرہ سو روپیہ سے زیادہ نہ ہو۔

(۳) ایسی دیگر اشیاء جو تحت نیمی فارینرس آرڈر متذکرہ بالا ممنوع قرار دی جا چکی ہیں۔

۲۶ نومبر ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم